پیغام مکرم محترم پروفیسر چوہدری حمیداللہ صاحب۔ وکیل اعلیٰ۔ تحریک جدید ربوہ
بسم اللہ الرحمن الرحیم

عزیزم عرفان احمد خان صاحب السلام علیکم و رحمة الله و بر کا ته

ٹی آئی کالج اولڈ سٹوڈنٹس ایسوسیئیشن تعلیم الاسلام کالج کے مرحوم اساتذہ کی یاد میں ایک مجلس منعقد کررہی ہے۔ بہت ہی مبارک پروگرام ہے۔ اللہ تعالیٰ اس session کو کامیاب فرمائے۔
ہمارے اساتذہ نے ایک مشنری سپرٹ کے ساتھ تعلیم الاسلام کالج کو پروان چڑھایا۔ سب سے نمایاں اس ادارہ کے ساتھ ان کی dedication تھی۔ ہم نے ہمیشہ یہ محسوس کیا کہ وہ زندہ ہی اس لئے تھے کہ اس ادارہ سے نوجوان پڑھ لکھ کر اور اچھے اخلاق سے مزین ہو کر جہاں جہاں جائیں اس شمع کو روشن کریں۔ ان مرحوم اساتذہ کی تربیت کا ہی نتیجہ ہے کہ ان کے شاگرد جس ملک میں اور جس حیثیت میں بھی وہ کام کررہے ہیں ان کا کردار examplary ہے۔ مجھے ایک دفعہ حضرت شیخ محمد احمد مظہر نے بتایا کہ وہ تعلیم الاسلام کالج کے فارغ التحصیل کو اس کے طرز عمل سے پہچان لیتے ہیں۔
اس وقت ہر استاد کے متعلق الگ الگ بیان کرنا مشکل ہے۔ جن مرحوم اساتذہ کے نام مجھے یاد ہیں ان کے لئے دعا کی غرض سے درج کردیتا ہوں
۱۔ حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد رحمہ اللہ تعالیٰ ۲۔ مکرم اخوند محمد عبدالقادر صاحب مرحوم۔ (انگلش)
۳۔ مکرم میاں عطاء الرحمان صاحب مرحوم (فزکس) ۴۔ مکرم حبیب اللہ خان صاب مرحوم (کیمسٹری)
۵۔ مکرم صوفی بشارت الرحمان صاحب مرحوم (عربی) ۶۔ مکرم ڈاکٹر نصیر احمد خان صاحب (فزکس)
۷۔ مکرم محمد ابراہیم ناصر صاحب مرحوم (ریاضی) ۸۔ مکرم چوہدری عطاء اللہ صاحب مرحوم (فارسی)
۹۔ مکرم شیخ محبوب عالم خالد صاحب مرحوم (اردو) ۱۰۔ مکرم مسعود احمد عاطف صاحب مرحوم (فزکس)
۱۱۔ مکرم محمد لطیف صاحب مرحوم (انگلش ۔ ان کا اصل مضمون ریاضی تھا)
۱۲۔ مکرم صوفی عبدالعزیز صاحب مرحوم (فارسی۔ یہ لاہور کے زمانہ میں استاد تھے)
افسوس ہے کہ وقت کی کمی کی وجہ سے ہر ایک کے متعلق الگ الگ کچھ بیان نہیں کرسکا ۔
سب شامل اجلاس کی خدمت میں السلام علیکم ورحمۃ اللہ اور دعا کی درخواست۔

والسلام حمیداللہ